فوری ریلیز کے لیے: 26/8/2025 **گورنر KATHY HOCHUL**

منظم پرچون چوری کے خلاف سخت کارروائی کے بعد، گورنر HOCHUL کی جانب سے نیو یارک سٹی میں پرچون چوری میں کمی کا اعلان

عالمی وبا کے بعد ہونے والے اضافے کے بعد، نیو یارک سٹی میں پرچون چوری میں سال بہ سال 12 فیصد سے زیادہ کمی آئی ہے، نیو یارک سٹی سے باہر 5 فیصد کمی آئی ہے

گورنر نے پرچون چوری روکنے کے لیے وقف شدہ ٹیموں کے لیے $40 ملین سے زیادہ کا وعدہ کیا؛ پرچون چوری سے نمٹنے کے لیے ریاستی پولیس کے 100 اضافی اہلکار تعینات کیے گئے

مجرمانہ سزاؤں کو تقویت دی گئی، عادی مجرموں کو جوابدہ ٹھہرانے کے لیے چوری بذریعہ چالاکی کے الزامات میں ترمیم کی گئی، اور چوری شدہ سامان کی فروخت کے فروغ کو غیر قانونی بنایا

تحفظِ عامہ میں گورنر کی ریکارڈ سرمایہ کاری کے نتیجے میں نیو یارک سٹی اور پوری ریاست میں فائرنگ، قتل، ڈکیتیوں میں کمی واقع ہوئی ہے

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نیو یارک شہر اور ریاست بھر میں منظم پرچون چوری سے نمٹنے میں ریاست کی پیش رفت کو اجاگر کرنے کے لیے مقامی کاروباری قائدین سے بات کرنے کے لیے آج ہارلم میں تھیں۔

کووڈ-19 کی عالمی وبا کے تناظر میں منظم پرچون چوری میں اضافے کے بعد، گورنر Hochul (ہوکل) نے ان جرائم کے خلاف سخت کارروائی کرنے کے لیے نئے اقدامات کا اعلان کیا جس میں قانون کے نفاذ کی مخصوص کاوشوں کو سہارا دینے کے لیے، مجرموں کو جوابدہ ٹھہرانے کے لیے مضبوط قوانین، اور صفِ اول کے پرچون فروش اہلکاروں کے تحفظ کے لیے نئے اقدامات میں $40 ملین سے زیادہ کی رقم شامل ہے۔ آج، نیو یارک کے باشندے اس جامع طریقۂ کار کے نتائج دیکھ رہے ہیں جس میں نیو یارک سٹی میں پرچون چوری میں سال بہ سال 12 فیصد سے زیادہ کی کمی — تقریباً 5,000 واقعات کی کمی — اور ریاست کے باقی ماندہ حصوں میں 5 فیصد کمی واقع ہوئی ہے۔

"پرچون چوری اور معیارِ زندگی کے جرائم ان جرائم کا شکار ہونے والے کاروباری اداروں کے محض متاثر ہونے سے بڑھ کر ہے — ان سے پورا علاقہ متاثر ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ میں نے گزشتہ سال منظم پرچون جرائم کی لعنت سے لڑنے کے لیے زبردست وسائل وقف کیے تھے"، **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "اگرچہ آج کے اعداد و شمار پرچون چوری کے خلاف جنگ میں نمایاں پیش رفت کی نمائندگی کرتے ہیں، ہم پیچھے نہیں ہٹیں گے۔ میں اپنے کاروباری اداروں اور ان کے ملازمین کی معاونت کرنے کے لیے پُرعزم رہی ہوں تاکہ خریداروں اور دکان مالکان کے لیے تحفظ اور ذہنی سکون کا احساس بحال کیا جا سکے"۔

جرائم کے اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ سنہ 2022 میں عالمی وبا کے فوراً بعد پرچون چوری کے جرائم میں نمایاں اضافہ ہوا کیونکہ کاروباری سرگرمیاں معمول پر آنا شروع ہوگئی تھیں۔ اس اضافے کا مقابلہ کرنے کے لیے،

مالی سال 2025 کے ریاستی بجٹ کے جزو کے طور پر، گورنر Hochul (ہوکل) نے جرائم کی روک تھام اور کاروباری اداروں کے تحفظ کے لیے کاوشوں پر دستخط کر کے انہیں قانون میں تبدیل کیا۔ ان میں شامل ہیں:

- کسی بھی ایسے شخص کے لیے **مجرمانہ سزاؤں میں اضافہ کرنا** جو بدعنوانی سے لے کر جرم تک کے ذریعے کسی بھی ریٹیل کارکن پر حملہ کرتا ہے۔ کوئی بھی شخص جو اپنے کام کی انجام دہی کرنے والے کسی ریٹیل کارکن کو جسمانی ایذا پہنچاتا ہے، وہ اس نئی سزا کا سامنا کرے گا۔
- جب وہ سرقہ بذریعہ چالاکی کے الزامات دائر کرتے ہیں تو **وکلائے استغاثہ کو چوری شدہ اشیاء کی مالیت کو جمع کرنے کی اجازت دینا** اور ایک ہی مجرمانہ سکیم کے تحت چوری کی جانے والی مختلف دکانوں کی ریٹیل اشیاء کا تناسب نکالنے کی اجازت دینا تاکہ چوری بذریعہ چالاکی کی ایک بلند تر سطح تک پہنچنے کے مقاصد حاصل کیے جائیں۔
- کسی تیسری پارٹی کے فروخت کنندگان کا پیچھا کرنے کے لیے **چوری شدہ اشیاء کی فروخت کے فروغ کو غیر قانونی قرار دینا۔** اگر کوئی شخص چوری شدہ سامان فروخت کرنے کے لیے کوئی ویب سائٹ یا ظاہری مقام استعمال کرتا ہے تو وہ شخص مجرم قرار دیا جائے گا۔
- ریاستی پولیس، ڈسٹرکٹ اٹارنیز کے دفاتر، اور مقامی قانون نافذ کرنے والے اداروں میں موجود ریٹیل چوری کے خلاف سرگرمِ عمل ٹیموں کے لیے **$40.2 ملین** مختص کیے گئے ہیں، جن میں نیو یارک ریاستی پولیس کے 100 اہلکار شامل ہیں جو منظم ریٹیل چوری کا مقابلہ کرنے کے لیے مخصوص ہیں۔
- اضافی حفاظتی اقدامات کے لیے چھوٹے کاروباری اداروں پر پڑنے والے بوجھ کو کم کرنے میں مدد کے لیے **$5 ملین** مختص کیے۔ فنڈنگ کسی بھی ایسے چھوٹے کاروباری ادارے کے لیے $3,000 کا ٹیکس کریڈٹ فراہم کرتی ہے جس کے تحت ریٹیل چوری کی روک تھام کے اقدامات پر مؤثر حد تک رقم خرچ کی جا سکتی ہے۔

گورنر Hochul (ہوکل) کی حالیہ سرمایہ کاری کے بعد، ریاست نیو یارک اب پرچون چوری کے جرائم کو عروج کی سطح سے نیچے گرتے ہوئے دیکھنے کے راستے پر ہے۔ مزید برآں، نیو یارک سٹی میں انڈیکس کرائم میں چار فیصد سے زیادہ کمی اور سنگین ڈکیتیوں میں 11 فیصد کمی دیکھی گئی ہے۔ نیو یارک شہر میں فائرنگ کے واقعات میں تقریباً 20 فیصد جبکہ قتل کے واقعات میں 21 فیصد کمی واقع ہوئی ہے۔

مینہیٹن چیمبر آف کامرس کی صدر اور سی ای او Jessica Walker (جیشیکا واکر) نے کہا، "حالیہ مہینوں میں، بہت سے چھوٹے دکانداروں نے ہمیں بتایا ہے کہ وہ فرق محسوس کرتے ہیں اور یہ کہ نیو یارک جرائم کو کم کرنے اور پرچون چوری سے نمٹنے کے لیے ایک موڑ مُڑا ہے۔ ابھی مزید کام کرنا باقی ہے لیکن ہم شکر گزار ہیں کہ پرچون چوری اور دریافتی اصلاحات پر گورنر Hochul (ہوکل) کی قانون سازی کی پالیسیاں ویسے کام کر رہی ہیں جیسے ہم نے امید کی تھی"۔

ریٹیل کونسل آف نیو یارک سٹیٹ (Retail Council of New York State) کی صدر اور سی ای او Melissa O'Connor (میلیسا او کونر) نے کہا، "آج کا اعلان پورے نیو یارک میں پرچون چوری میں کمی کے بارے میں پرچون فروشوں، قانون نافذ کرنے والے اداروں، وکلائے استغاثہ، علاقائی گروہوں اور گورنر Hochul (ہوکل) کے درمیان مضبوط اور مستقل تعاون کا نتیجہ ہے۔ منظم پرچون جرائم اور عادتاً پرچون چوری ریاست میں سرمایہ کاری کرنے والے پرچون فروشوں کے لیے محض مالی نقصان نہیں ہے، یہ علاقے کی سلامتی کا مسئلہ ہے جسے اس کے مطابق ہی سنبھالنے کی ضرورت ہے۔ میں گورنر کا شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں کہ انہوں نے کئی ماہ قبل صنعت کے خدشات کو سن لیا تھا، اور اہم بات یہ کہ مؤثر کارروائی کرنے پر میں شکرگزار ہوں۔ ہم ریاست نیو یارک بھر میں محفوظ اور قابلِ لطف خریداری کے ماحول کو یقینی بنانے کے لیے تمام شرکائے کار کے ساتھ شراکت داری جاری رکھیں گے"۔

ریاستی سینیٹر Luis R. Sepúlveda (لوئیس آر سیپلویدا) نے کہا، "میں گورنر Hochul (ہوکل) کو منظم پرچون چوری سے نمٹنے کے لیے ان کے کامیاب اقدامات پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ نیو یارک سٹی میں پرچون چوری میں 12 فیصد سے زیادہ اور ریاست بھر میں 5 فیصد کمی کے ساتھ — منظم پرچون چوری کا مقابلہ کرنے کے لیے $40 ملین کی سرمایہ کاری حقیقی نتائج دے رہی ہے۔ پرچون فروش ملازمین کے تحفظ کو مضبوط بنا کر، مجرموں کو

جوابدہ ٹھہرا کر، اور چھوٹے کاروباری اداروں کے پہرے کو بہتر بنانے میں مدد کے لیے $5 ملین ٹیکس کریڈٹ فراہم کر کے، گورنر ہماری مقامی معیشت پر اعتماد بحال کرتے ہوئے ملازمین اور صارفین دونوں کی حفاظت کر رہی ہیں۔ یہ کوششیں ظاہر کرتی ہیں کہ حفاظت میں تزویراتی سرمایہ کاری ہماری کمیونٹیز کو مضبوط بنا سکتی ہے جبکہ صارفین کی حفاظت بھی کر سکتی ہے"۔

رکنِ اسمبلی Jeffrey Dinowitz (جیفری ڈینووِز) نے کہا، "خواہ کوئی فرد کاروبار کا مالک ہو، پرچون فروش ملازم ہو یا صارف، نیو یارک میں ہر کوئی پرچون کے لین دین کے محفوظ تجربات کا مستحق ہے۔ کاروباری ادارے نیو یارک کی ریڑھ کی ہڈی ہیں اور ترقی کی منازل طے کرنے کے لیے مناسب وسائل اور توجہ کی ضرورت ہے۔ قانون کے نفاذ میں اضافی سرمایہ کاری، چھوٹے کاروباری اداروں کے لیے ٹیکس کریڈٹ اور مجرمانہ سزاؤں میں تبدیلیوں نے ریاست بھر میں پرچون چوری کو کم کرنے کا ایک مؤثر طریقہ دکھایا ہے جبکہ پرچون فروش ملازمین کے تحفظ کے اقدامات میں اضافہ کیا ہے۔ اس مسئلے پر کریک ڈاؤن کرتے ہوئے، گورنر Hochul (ہوکل) نیو یارک کے شہریوں کی حفاظت کو اولین ترجیح دے رہی ہیں، جو ہم سب کی کامیابی کو یقینی بنا رہے ہیں"۔

پرچون فروشی سے متعلقہ جرائم میں کمی کا ایک مثبت رجحان ایک وسیع، کثیر سالہ، بین الاقوامی آپریشن کی نقاب کشائی کے لیے ایک کامیاب آپریشن کے بعد ہوا ہے جس میں منظم عملے کے ذریعے $2 ملین سے زیادہ کا پرچون کا سامان چوری کیا گیا تھا۔ یہ کیس، جس کا اعلان سنہ 2024 کے آخر میں گورنر Hochul (ہوکل) اور کوئنز ڈسٹرکٹ اٹارنی Melinda Katz (میلنڈا کیٹز) نے کیا تھا، اور ریاستی پولیس کے اندر پرچون چوری کی روک تھام کی ٹیموں کے ذریعے تفتیش کی گئی تھی، اس میں نیو یارک کے پرچون چوری کے مضبوط قوانین کے تحت پہلی مرتبہ الزامات شامل تھے۔

منظم پرچون چوری کے خلاف سخت کارروائی کرنے کے علاوہ، گورنر Hochul (ہوکل) نے آج تک تحفظِ عامہ کی کوششوں کے لیے تقریباً $3 بلین کا عہد کرتے ہوئے، نیو یارک کے شہریوں کو محفوظ رکھنے کے لیے تحفظِ عامہ کے وسیع تر اقدامات میں سرمایہ کاری جاری رکھی ہوئی ہے۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں